68992 ـ روزہ نہ رکھنے کی بنا پر سفر کرنے کا حکم

سوال

روزہ نہ رکھنے کی بنا پر رمضان المبارك میں سفر کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ سے درج ذیل سوال دریافت کیا گیا:

روزہ نہ رکھنے کی بنا پر رمضان المبارك میں سفر کرنے کا حکم کیا ہے؟

تو شیخ رحمہ اللہ کا جواب تھا:

" اصل میں انسان پر روزہ واجب بلکہ فرض اور اسلام کے ارکان میں سے ایك رکن ہے جیسا کہ ہر ایك کو علم بھی ہے، اور شریعت میں جو چیز فرض ہے انسان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس حکم کو ترك کرنے کے لیے کوئی حیلہ سازی کرے، تا کہ وہ حکم اس سے ساقط ہو جائے.

اس لیے جس شخص نے روزہ نہ رکھنے کی بنا پر سفر کیا تو یہ اس پر حرام ہے، اور اسی طرح روزہ نہ رکھنا بھی اس کے لیے حرام ہو گا، اس کے لیے واجب اور ضروری ہے کہ وہ اس عمل سے توبہ و استغفار کرے، اور اپنے سفر سے واپس لوٹ آئے اور روزے رکھے.

اور اگر وہ واپس نہیں پلٹتا تو بھی اس پر روزہ رکھنا فرض ہے، چاہے وہ سفر میں ہی ہو.

جواب کا خلاصہ یہ ہوا کہ: کسی بھی انسان کے لیے جائز نہیں کہ وہ روزہ نہ رکھنے کے لیے کوئی حیلہ سازی کرے؛ کیونکہ کسی فرض کو ساقط کرنے کے لیے حیلہ سازی کرنے سے وہ فرض ساقط نہیں ہوگا، جیسا کہ کوئی حیلہ کسی حرام چیز کو مباح نہیں کر سکتا.